## سوال

(501)جس ملک میں غروب آفتاب دیر سے ہو تو روزہ افطار کب کریں ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہم لوگ ایک ایسے ملک اور علاقے میں رہائش پذیر ہیں کہ یہاں غروب آفتاب رات کے ساڑھے نو، دس بجے ہوتا ہے، تو ہم افطار کس وقت کیا کریں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چونکہ آپ لوگوں کے ہاں رات دن چوبیس گھنٹے کے ہیں اس لیے آپ کو افطار اس وقت کرنا ہوگا جب سورج غروب ہو۔ اور روزہ آپ پر فرض ہے، خواہ دن لمبا ہی کیوں نہ ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 378**

محدث فتویٰ